سبق 10

# جانوروں کی آوازیں

سیواس گاؤں مین شیر و نام کا لڑکا رہتا تھا۔ وہ جانور وں اور پرندوں کی بولیاں بول سکتا تھا۔ وہ گاؤں کے ہی اسکول میں پڑھتا تھا۔ جب استاد کو اس بات کا پتہ چلا تو اُنہوں نے لڑکے کو بلا کر پوچھا۔ تم کون کون سے جانوروں اور پرندوں کی آوازیں نکال سکتے ہو۔شیرو نے آواز نکالی بھوں بھوں بھوں۔

استاد نے کہا بچو ! آج ہم جانوروں اور پرندوں کی بولیوں کا ہی کھیل کھیلیں گے۔

استاد نے کہابلّی۔

رانی نے آواز نکالی میاؤں میاؤں۔

طوطا فیصل نے کہا ٹیں ٹیں۔

کبوتر شیام نے غٹرغوں غٹرغوں کہہ کرسب کوہنسادیا۔

کوّا ڈیوڈبولا کائیں کائیں

بکری کی آواز نکالے گا؟

روبی نے آوازکون نکالی مَیں مَیں

استاد نے ایک بچے سے پوچھا، شیر کی آواز کو کیا کہتے ہیں ؟ وہ چپ رہا استاد نے کہا اچھا ہم بتاتے ہیں۔شیر کی آواز کودہاڑنا کہتے ہیں اور ہاتھی کی آواز کوچنگھاڑنا۔



اُستاد نے شیرو سے کہا، تم بتا سکتے ہو۔ گھوڑے کی آواز کو کیا کہتے ہیں؟

شیرو نے کہا ہنہنانا کہتے ہیں۔ شاباش مرغ کی آواز کو کیا کہیں گے؟

شیام نے کہا بانگ دینا۔ کوئل کوکوکو کرتی ہے۔ اس کی آواز سب کو بھلی لگتی ہے اور کوّے کی آواز؟ بچّے بولے سب کو بری لگتی ہے۔ استاد نے کہا چڑیوں کی آواز کو چہچہانا کہتے ہیں۔

اُستاد نے بتایا۔ طوطے اور مینا کو سکھایا جائے تو یہ ہماری بولی کی نقل اُتار سکتے ہیں۔

---

تدریسی اشارے:۔ پڑھنے لکھنے، اور بولنے کی صلاحیت میں اضافہ کرنا، جانوروں سے محبت کا جذبہ پیدا کرنا۔ بچوں کو جانوروں کی آوازوں سے واقف کرانا۔ (بیگم گنج کا پرانا نام سیواس ہے۔)

## مشق اور سوالات

**(1)** نیچے دیئے ہوئے خانوں میں ''ک'' سے ہونے والے جانوروں اور پرندوں کے نام لکھیئے۔

**(2)** نیچے دیئے ہوئے پرندوں کی آوازیں کیسی ہوتی ہیں ان کے سامنے لکھئے۔


(الف) کبوتر ........................

(ب) کوئل ........................

(ج) کوّا ........................

(د) طوطا ........................

**(3)** تصویروں کے نیچے جانوروں اور پرندوں کے نام لکھیئے۔












(4) پرندوں کے نیچے اُن کی آوازیں لکھئیے ۔





| | |
|---|---|
| میاؤں | میاؤں |
| کائیں | کائیں |
| ہن | ہن |
| میں | میں |
| بھوں | بھوں |
| غٹرغوں | غٹرغوں |









(5) کس نے کس جانور کی آواز نکالی؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (1) | شیرو | ٹیں ٹیں | طوطا |
| (2) | فیصل | غٹرغوں | کبوتر |
| (3) | شیام | میاؤں میاؤں | بلی |
| (4) | رانی | کائیں کائیں | کوّا |
| (5) | ڈیوڈ | بھوں بھوں | کتا |

(6) اب چلو اور جانوروں کا گیت گائیں جیسے۔

اُچک ۔اُچک کر آتا مینڈک
ٹر۔ٹر۔ٹر کر آتا مینڈک
پھدک ۔پھدک کر آتا چوہا
کُتر کُتر کر کھاتا چوہا
پھر پھر کرتی آتی چڑیا
چوں چوں گیت سناتی چڑیا

(7) اس گیت کو زبانی یاد کیجیے۔

سوچیے اور ان جملوں کو پورا کیجیے:۔

| | |
|---|---|
| جب پانی میں جاتا مگر | پٹ پٹ دُم ہلاتا مگر |
| جب پانی میں جاتی بطخ | .......................... |
| جب بازار میں جاتا ہاتھی | .......................... |
| جب بازار میں جاتی گائے | .......................... |

اب اپنے جملے بناؤ

| | |
|---|---|
| کتنے لڈو کھاتا ہاتھی۔ | یہ تو نہیں بتاتا ہاتھی |
| کتنے لڈو کھاتا دڈّو | ...................... |
| کتنے کدو کھاتا دڈّو | ...................... |
| کتنی گھاس کھائے گائے | ...................... |

ایسے الفاظ بتاؤ:۔ ☐

لڈو۔ دڈو۔ کدّو ............................

سمجھو:۔ ہاتھ۔ ہاتھی۔ کھاتا۔ کھاتی۔ پان۔ پانی۔ جاتا۔ جاتی۔

لکھو اور پڑھو:۔

| الف اور ی ہٹا کر | الف لگا کر |
| --- | --- |
| جڑا۔ مرا۔ ذرا۔ | جڑ۔ لڑ۔ سڑ۔ |
| ہاتھی۔ ساتھی۔ راکھی۔ | چڑ۔ میر۔ تیر۔ |

اس نظم کو زبانی یاد کرو:۔

اور ساتھ ہی لے سے پڑھنا سیکھو

☐ لکھ کر پورا کرو:۔

دھمک۔ دھمک ............................

............................ جاتا ہاتھی

جب ............................ میں ............................ ہاتھی

بھر بھر ............................ نہاتا ہاتھی

کتنے ............................ کھاتا ہاتھی

یہ تو ............................ ہاتھی

☐ ہاتھی کی جگہ ہتھنی پر نظم لکھو

دھمک دھمک آتی ہتھنی۔

دھمک ............................

دی گئی مثالوں کے مطابق خالی جگہ بھرو۔

ہاتھی ............................ ہتھنی

شیر ............................

مینڈک............................

گائے ............................

اونٹ ............................

بکرا ............................

چڑوا ............................

اسی طرح اور جانوروں کے لئے سوچو اور جوڑیاں بناؤ۔

تم نے کئی جانوروں کو پانی میں نہاتے دیکھا ہوگا۔ بتاؤ کون کون سے جانور مزے سے پانی میں نہاتے ہیں۔

مٹی سے ہاتھی اور دوسرے جانور بنانے کی کوشش کرو۔

کچھ جانوروں کی تصویریں بناؤ اور ان میں رنگ بھرو۔

